
# سپورٹس ٹائمز

## کارلوس الکارازنے کیریئر گرینڈ سلیم مکمل کرکے تاریخ رقم کردی




ملبورن، یکم فروری (یواین آئی) ملبورن کی رات میں کارلوس الکاراز نے اپنے بچپن کے خواب کو حقیقت میں بدلتے ہوئے تاریخ رقم کردی اور اپنا پہلا آسٹریلین اوپن ٹائٹل جیت کر کیریئر گرینڈ سلیم مکمل کرلیا۔ روڈلیور ایرینا میں اتوار کے روز کھیلے گئے فائنل میں الکاراز نے دس بار کے چیمپئن نوواک جوکووچ کو6-22-36-56-7 سے شکست دی۔ اس شکست کے ساتھ ہی جوکووچ کا ریکارڈ25واں گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے کا انتظار مزید طویل ہوگیا۔ فائنل میں جوکووچ میدان میں غیر معمولی جذبے کے ساتھ اترے تھے۔ چند دن قبل لورینزو موسیٹی کے خلاف مشکل مقابلے کے بعد پریس کانفرنس میں ایک سوال پر انہیں بے عزتی کا احساس ہوا تھا اور تاریخ گواہ ہے کہ زخمی غرور کے ساتھ کھیلنے والا جوکووچ ہمیشہ خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ اسی جذبے کے تحت انہوں نے سیمی فائنل میں جینک سینر کو پانچ سیٹ کے سنسنی خیز مقابلے میں شکست دے کر ایک بار پھر ثابت کیا کہ وہ ایک دہائی سے زائد عرصے سے میلبورن پارک پر کیوں راج کر رہے ہیں۔ اس سیمی فائنل کو دیکھتے ہوئے الکاراز کو بخوبی اندازہ تھا کہ فائنل میں ان کے سامنے کیسا چیلنج ہوگا۔ وہ جانتے تھے کہ انہیں ایک پہاڑ جیسا حریف درپیش ہے اور ایک طوفان ان کا منتظر ہے۔ اس کے باوجود فیصلہ کن لمحات میں نوجوان ہسپانوی کھلاڑی نے غیر معمولی حوصلے کا مظاہرہ کیا اور تین گھنٹے دو منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے میں فتح اپنے نام کی۔ اتوار کی رات آخر کار الکاراز کی رہی۔ انہوں نے ابتدا میں لگنے والے وار سہے خود کو سنبھالا اور پھر میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ جیسے ہی جوکووچ کا فورہینڈ لائن کے پار گیا الکاراز خوشی سے کورٹ پر گر پڑے اور بھرے ہوئے روڈلیور ایرینا میں تماشائیوں کے شور میں اس تاریخی لمحے کو اپنے اندر جذب کرتے رہے۔ الکاراز نے اس سے قبل الیگزینڈر زویریف کے خلاف سخت مقابلے کے بعد خود اعتمادی کی طاقت پر بات کی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ شکست قریب محسوس ہونے کے باوجود خود پر یقین رکھنا ہی اصل طاقت ہے۔ یہی یقین فائنل میں بھی ان کے کام آیا۔ پہلا سیٹ ہارنے کے بعد انہوں نے بے خوف جارحانہ کھیل پیش کیا جس کا توڑ جوکووچ بھی نہ کر سکے۔ یہ جوکووچ کے شاندار کیریئر میں پہلا موقع تھا کہ وہ آسٹریلین اوپن کے فائنل میں شکست سے دوچار ہوئے۔ اس فتح کے ساتھ الکاراز نے تاریخ میں اپنا نام سنہری حروف سے درج کرالیا۔ محض 22 سال کی عمر میں وہ اوپن ایرا میں کیریئر گرینڈ سلیم مکمل کرنے والے سب سے کم عمر مرد کھلاڑی بن گئے۔

## رونالڈو کا جادو برقرار: 961واں گول داغ دیا، ال نصر کی فتح نے خطاب کی جنگ تیز کردی



ریاض، یکم فروری (یو این آئی) فٹ بال کی دنیا کے بے تاج بادشاہ کرسٹیانو رونالڈو نے اپنی گول اسکورنگ مشین کی رفتار برقرار رکھتے ہوئے کیریئر کا 961 واں گول مکمل کرلیا۔ ال نصر نے 'خلود' کے خلاف 0-3 کی یکطرفہ فتح حاصل کرکے سعودی پرو لیگ کے خطاب کی دوڑ کو ایک بار پھر دلچسپ بنا دیا ہے۔ ال نصر نے حریف ٹیم خلود کو ان کے ہوم گراؤنڈ پر آؤٹ کلاس کردیا۔ میچ کے دوران رونالڈو، سیماکن اور کومین نے گول اسکور کیے۔ جوواؤ فیلکس نے ایک بار پھر اپنی مہارت کا ثبوت دیتے ہوئے دو گول اسسٹ کیے اور بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ لیگ کی ٹاپ پوزیشن پر موجود 'الہلال' کی جانب سے قادسیہ کے خلاف پوائنٹس ضائع کرنے کے بعد اب ال نصر اور الہلال کے درمیان صرف 3 پوائنٹس کا فرق رہ گیا ہے، جس سے لیگ سنسنی خیز مرحلے میں داخل ہوگئی ہے۔ 39 سالہ پرتگالی سپر اسٹار اب فٹ بال کی تاریخ کے اس مقام پر کھڑے ہیں جہاں پہلے کوئی نہیں پہنچ سکا۔ رونالڈو اب اپنی زندگی کے سب سے بڑے سنگ میل یعنی 1000 کیریئر گولز سے محض 39 گول کی دوری پر ہیں۔ دو دہائیاں قبل شروع ہونے والا یہ سفر اب ایک ایسے ریکارڈ کی جانب بڑھ رہا ہے جو کبھی ناممکن دکھائی دیتا تھا۔ رونالڈو نہ صرف عالمی ریکارڈز توڑ رہے ہیں بلکہ وہ ال نصر کے کلب ریکارڈز میں بھی اپنا نام سنہرے حروف میں لکھوانے کے قریب ہیں۔ سعودی پرو لیگ میں ال نصر کی جانب سے وہ اب تک 91 گول کرچکے ہیں۔ ال نصر کے لیے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی (سعودی پرو لیگ)۔

## ورلڈ کپ سے قبل تلک ورما فٹ قرار، دو وارم اپ میچز کھیلیں گے



ممبئی، یکم فروری (یو این آئی) ہندوستانی ٹیم کے باصلاحیت نوجوان بلے باز تلک ورما نے انجری کو شکست دے کر میدان میں واپسی کا اعلان کر دیا ہے۔ بی سی سی آئی کے 'سینٹر آف ایکسی لینس' نے انہیں مکمل فٹ قرار دیتے ہوئے کھیلنے کی اجازت دے دی ہے، جس کے بعد وہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 سے قبل اپنی فارم اور فٹنس ثابت کرنے کے لیے دو اہم پریکٹس میچز میں حصہ لیں گے۔ یاد رہے کہ جنوری کے آغاز میں رنجی ٹرافی کے دوران تلک ورما کو ایک تکلیف دہ انجری کا سامنا کرنا پڑا تھا، جس کے بعد انہیں سرجری کے عمل سے گزرنا پڑا۔ اس انجری کے باعث وہ تقریباً ایک ماہ تک کرکٹ سے دور رہے اور حال ہی میں نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلی گئی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا حصہ بھی نہ بن سکے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ہندوستان کی باقاعدہ مہم سے پہلے تلک ورما درج 2 فروری کو ڈی وائی پاٹل اسٹیڈیم (نوی ممبئی) میں امریکہ کے خلاف انڈیا اے کی نمائندگی کریں گے۔ 4 فروری کو جنوبی افریقہ کے خلاف ہندوستان کے آفیشل وارم اپ میچ میں حصہ لیں گے۔ تلک ورما کے ساتھ ساتھ دیگر زخمی کھلاڑیوں کی واپسی کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ واشنگٹن سندر جلد ہی فٹنس ٹیسٹ دیں گے تاکہ ٹیم میں واپسی کا فیصلہ ہوسکے۔ ریان پراگ کندھے کی انجری کے باعث دو ماہ سے باہر رہنے والے ریان پراگ بھی انڈیا اے کے لیے دو پریکٹس میچز کھیلیں گے، جن میں 6 فروری کو نمیبیا کے خلاف ہونے والا میچ شامل ہے۔

## آئرلینڈ کی خواتین ٹیم کا بڑا معرکہ

## ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کرلیا




کیرتی پور، نیپال، یکم فروری (یو این آئی) آئرلینڈ کی خواتین کرکٹ ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھائی لینڈ کو 62 رنز سے شکست دے دی اور آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے لیے اپنا ٹکٹ پکا کرلیا۔ آئرلینڈ اس میگا ایونٹ کے لیے کوالیفائی کرنے والی تیسری ٹیم بن گئی ہے، جہاں وہ بنگلہ دیش اور نیدرلینڈز کے ساتھ ایکشن میں نظر آئے گی۔ ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرنے والی آئرش ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 121 رنز بنائے۔ ایمی ہنٹر (24)، کپتان گیبی لوئس (25) اور اورلا پرینڈر گاسٹ (24) نے ٹیم کو مضبوط بنیاد فراہم کی۔ تھائی لینڈ کی لیگ اسپنر سولی پورن لاؤمی نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 24 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں اور آئرلینڈ کو بڑے اسکور سے روکا۔ 122 رنز کے ہدف کے تعاقب میں تھائی لینڈ کی ٹیم آئرش بولرز کے سامنے بے بس نظر آئی اور پوری ٹیم 16.1 اوورز میں صرف 59 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ کپتان نارومول چائی وائی (22) اور ننا پت کونچاروینکئی (15) کے علاوہ کوئی بھی بیٹر دہائی کا ہندسہ عبور نہ کرسکی۔ ارلین کیلی نے محض 7 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، جبکہ لارا میک برائیڈ نے 6 رنز کے عوض 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جون اور جولائی 2026 میں انگلینڈ اور ویلز میں ہونے والے اس عالمی میلے میں اب آئرلینڈ کی ٹیم بھی دنیا کی بہترین ٹیموں کے مدمقابل ہوگی۔ کوالیفائر کے آخری دن کی اس جیت نے آئرش کرکٹ میں نئی جان پھونک دی ہے۔

## باکسم ایلیٹ انٹرنیشنل: لولینا بورگوہین اور پوجا رانی ہندوستانی مکے بازوں کی قیادت کریں گی



لانوسیا، اسپین، یکم فروری (یو این آئی) اولمپک میڈلسٹ لولینا بورگوہین اور مایہ ناز اولمپین پوجا رانی منگل سے اسپین کے شہر لانوسیا (ایلیکانٹے) میں شروع ہونے والے "باکسم ایلیٹ انٹرنیشنل 2026" میں 33 رکنی مضبوط ہندوستانی مکے بازی ٹیم کی قیادت کریں گی۔ ہندوستانی دستے میں ورلڈ باکسنگ کپ کے گولڈ میڈلسٹ ہتیش گلیا اور سچن سواچ جیسے باصلاحیت کھلاڑی شامل ہیں۔ تاہم، کچھ بڑے نام اس ٹورنامنٹ کا حصہ نہیں ہوں گے۔ نکہت زرین نے مارچ میں ہونے والی ایشین چیمپئن شپ اور اولمپک کوالیفیکیشن کی تیاریوں پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔ جاسمین لمبوریا کندھے کی تکلیف کے باعث آرام کررہی ہیں۔ موجودہ عالمی چیمپئن میناکشی ہڈا بھی اس ایونٹ میں نظر نہیں آئیں گی۔ یہ ٹورنامنٹ رواں سال ہندوستان کا پہلا بڑا غیر ملکی دورہ ہے، جسے سال کے آخر میں ہونے والے کامن ویلتھ گیمز اور ایشیئن گیمز کی تیاریوں کے لیے ایک اہم تجربہ قرار دیا جارہا ہے۔ ٹیم کا انتخاب حال ہی میں منعقدہ نیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ خواتین ٹیم کے کوچ سینٹیا گونیو ابطور ہیڈ کوچ اپنی پہلی بین الاقوامی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

## لامین یمال کا جادو چل گیا، بارسلونا کی ایلچے کے خلاف 1-3 سے فتح



ایلچے، یکم فروری (یواین آئی) اسپینش لالیگا کے سنسنی خیز مقابلے میں بارسلونا نے ایلچے کو ان کے ہوم گراؤنڈ پر 1-3 سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرلی ہے۔ اس جیت کے ساتھ ہی بارسلونا کے 22 میچوں میں 55 پوائنٹس ہوگئے ہیں اور وہ ریال میڈرڈ سے چار پوائنٹس آگے نکل گئی ہے۔ میچ کے آغاز ہی سے بارسلونا نے جارحانہ انداز اپنایا۔ صرف 6 منٹ کے کھیل میں لامین یمال نے دانی اولمو کے بہترین پاس پر گول کیپر کو چکمہ دیتے ہوئے گیند جال میں پہنچا دی۔ یہ اس سیزن میں 18 سالہ یمال کا تمام مقابلوں میں 13 واں گول تھا۔ ایلچے نے ہار نہ مانی اور ریال میڈرڈ کے سابق فارورڈ الوارو روڈریگز کے گول کے ذریعے اسکور 1-1 سے برابر کر دیا۔

## رنجی ٹرافی: آیوش ڈوسیجا کی ناقابلِ شکست سنچری، دہلی اور ممبئی کا مقابلہ ڈرا



ممبئی، یکم فروری (یواین آئی) رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ ڈی کے ایک ہائی پروفائل مقابلے میں دہلی نے آیوش ڈوسیجا کی شاندار اور صبر آزما بیٹنگ کی بدولت ممبئی کے خلاف میچ ڈرا کرانے میں کامیابی حاصل کرلی۔ ممبئی کے بولرز چوتھے دن دہلی کی بیٹنگ لائن کو مکمل طور پر تہس نہس کرنے میں ناکام رہے۔ دہلی نے کھیل کے آخری روز اپنی دوسری نامکمل اننگز 206 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ سے شروع کی۔ آیوش ڈوسیجا نے ایک سرا سنبھالے رکھا اور 159 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیل کر ممبئی کی جیت کے ارمانوں پر پانی پھیر دیا۔ دیویج مہرا نے 46 اور سمت ماتھر نے 34 رنز بنا کر آیوش کا بھرپور ساتھ دیا اور قیمتی وقت گزار کر میچ کو محفوظ مقام تک پہنچایا۔ دہلی نے 105 اوورز کے بعد 6 وکٹوں پر 407 رنز بنا کر اپنی اننگز ڈکلیئر کردی، جس کے ساتھ ہی میچ ڈرا پر ختم ہوا ہماچل پردیش بمقابلہ جموں وکشمیر: ایک اور مقابلے میں ہماچل پردیش اور جموں وکشمیر کا میچ بھی ڈرا ہوگیا۔ چوتھے دن کھیل ممکن نہ ہوسکا، جس کی وجہ سے نتیجہ سامنے نہ آسکا۔ جموں وکشمیر نے پہلی اننگز میں 771 رنز کا ہمالیہ جیسا اسکور کھڑا کیا تھا، جس کے جواب میں ہماچل کی ٹیم پہلی اننگز میں صرف 168 رنز بنا سکی تھی۔ تاہم وقت کی کمی اور خراب موسم نے جموں وکشمیر کو یقینی فتح سے محروم کردیا۔

## آئی سی سی نے ٹی20 کوالیفائر میں غیر قانونی ایکشن پر امریکی کھلاڑی کو معطل کردیا

کٹھمنڈو، یکم فروری (یواین آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے امریکہ کی فاسٹ باؤلر اسانی واگھیلا کو بین الاقوامی کرکٹ میں باؤلنگ کرنے سے معطل کر دیا ہے۔ آئی سی سی ایونٹ پینل نے تصدیق کی ہے کہ واگھیلا کا بالنگ ایکشن قوانین کے مطابق نہیں ہے۔ آئی سی سی کی ویب سائٹ کے مطابق، یہ فیصلہ میچ آفیشلز کی رپورٹ کی بنیاد پر لیا گیا، جس میں نیپال میں جاری آئی سی سی ویمنز ٹی20 ورلڈ کپ کوالیفائر 2026 کے دوران آئرلینڈ کے خلاف امریکہ کے میچ میں واگھیلا کے بالنگ ایکشن پر سوال اٹھایا گیا تھا۔ آئی سی سی کے مطابق، ایونٹ پینل نے واگھیلا کے اگلے میچ کی بالنگ فوٹیج کا جائزہ لیا اور اس نتیجے پر پہنچا کہ ان کا ایکشن بالنگ سے متعلق قوانین پر پورا نہیں اترتا۔ اس کے نتیجے میں آئی سی سی قوانین کے آرٹیکل 6.7 کے تحت انہیں فوری طور پر بین الاقوامی کرکٹ میں بالنگ کرنے سے معطل کردیا گیا ہے۔ یہ معطلی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک اسانی واگھیلا اپنے بالنگ ایکشن کا دوبارہ جائزہ نہیں کروالیتیں اور انہیں قانونی ایکشن کے ساتھ بالنگ کی اجازت نہیں مل جاتی۔ معطلی کے دوران، آئی سی سی قوانین کے مطابق، واگھیلا بطور بلے باز کھیل سکتی ہیں، تاہم انہیں بالنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔

## نیشنل شوٹنگ ٹرائلز: جونیئر مردوں کے اسکیٹ مقابلوں میں پنجاب کا کلین سویپ



نئی دہلی، یکم فروری (یو این آئی) ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں جاری شاٹ گن نیشنل سلیکشن ٹرائلز 1 اور 2 کے دوران پنجاب کے نشانہ بازوں نے اپنی برتری کا لوہا منوالیا۔ جونیئر مردوں کے اسکیٹ ٹی 2 فائنل میں پنجاب کے کھلاڑیوں نے تمام ٹاپ پوزیشنز پر قبضہ کرکے 'پوڈیم' کو پوری طرح اپنے نام کرلیا۔ ہرو راج سنگھ، ہرزیز سنگھ اٹوال اور گرفتح سنگھ سندھو نے بالترتیب پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرکے پنجاب کا نام روشن کیا۔ سینئر زمرے میں اننت جیت سنگھ نروکا نے 36 میں سے 36 کا پرفیکٹ اسکور کرکے ٹرائل 2 کا فائنل جیتا۔ خواتین کے زمرہ میں رشسوی راٹھور نے صرف ایک نشانہ چوکنے کے باوجود 35 کے اسکور کے ساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کی۔ سینئر مردوں کے فائنل میں انتہائی سخت مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ کوالیفکیشن راؤنڈ میں 120 کے اسکور کے ساتھ ٹاپ کرنے والے اننت جیت سنگھ نروکا نے فائنل میں اپنی مہارت کا ثبوت دیتے ہوئے تمام 36 نشانے درست لگائے۔ جیوتی رادتیہ سنگھ سسودیا نے 34 ویں ٹارگٹ تک پرفیکٹ کھیل پیش کیا، لیکن آخری لمحات میں ایک نشانہ چوکنے کی وجہ سے وہ 35 اسکور کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے۔ ابھے سنگھ نے 30 ہٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن پائی۔ خواتین کے سینئر فائنل میں رشسوی راٹھور نے 35 پوائنٹس کے ساتھ میدان مار لیا۔ پریناز نے 33 ہٹس کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اولمپین مہیشوری چوہان 29 اسکور کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہیں۔ کوالیفکیشن راؤنڈ میں پریناز نے ٹرائل 1 کی طرح 121 کے اسکور کے ساتھ اپنی برتری برقرار رکھی تھی۔

# بجٹ 2026 کھیلوں کے فروغ کے لیے نئی دہائی کا اعلان، کھیلو انڈیا مشن کا آغاز

مرکزی بجٹ 2026 کے دوران وزیر خزانہ نرملا سیتارامن نے بھارت کے کھیلوں کے شعبے میں بڑی تبدیلی کے لیے ایک جامع اور طویل مدتی منصوبے کا اعلان کیا۔ اس منصوبے کے تحت آئندہ دس برسوں کے لیے ایک نیا کھیلو انڈیا مشن شروع کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے جس کا مقصد ملک کو کھیلوں میں صرف شرکت کرنے والا نہیں بلکہ عالمی سطح پر ایک مضبوط طاقت بنانا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ کھیلوں کا شعبہ اب صرف تمغے جیتنے تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ معیشت کی ترقی اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرنے کا ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کھیلو انڈیا پروگرام کے ذریعے جس منظم انداز میں کھیلوں کی صلاحیتوں کی پرورش شروع کی گئی تھی اسی کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ نیا مشن کھیلوں کے پورے شعبے کو نئی شکل دے گا۔ اس سال کے اسپورٹس بجٹ کا مرکزی نکتہ کھیلوں کے شعبے کو پیشہ ورانہ بنیادوں پر مضبوط بنانا ہے۔ نرملا سیتارامن کے مطابق کھیلو انڈیا مشن کی توسیع سے میدان کے باہر بھی روزگار کے بے شمار مواقع پیدا ہوں گے۔ ان میں کوچنگ اور تکنیکی شعبے شامل ہیں جہاں مستند کوچز ہائی پرفارمنس ڈائریکٹرز اور ٹیلنٹ اسکاؤٹس کی مانگ بڑھے گی۔ اسی



طرح اسپورٹس سائنس اور میڈیکل کے میدان میں فزیوتھراپسٹس اسپورٹس ماہرین نفسیات نیوٹریشنٹ اور ریسرچرز کے لیے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ اسپورٹس مینجمنٹ اور لاجسٹکس کے شعبے میں بھی روزگار بڑھے گا جس میں ایونٹ مینجمنٹ کھیلوں کے مقابلوں کی تنظیم اور اسپورٹس انفراسٹرکچر کی دیکھ بھال شامل ہے۔ اس کے علاوہ میک ان انڈیا مہم کے تحت معیاری اور سستے کھیلوں کے سامان کی تیاری اور ڈیزائننگ میں بھی نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ یہ حکمت عملی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بھارت 2030 میں احمد آباد میں 100 ویں کامن ویلتھ گیمز کی میزبانی کی تیاری کر رہا ہے اور 2036 کے اولمپک کھیلوں کی میزبانی کے لیے بھی اپنی دعویداری مضبوط بنا رہا ہے۔ حکومت کے مطابق دس سالہ منصوبہ بندی کے ذریعے کھیلوں کے شعبے میں ڈھانچہ جاتی تبدیلی لائی جائے گی تاکہ کھیلو انڈیا کی روح بھارت کی قومی شناخت اور معیشت کا مستقل حصہ بن سکے۔ واضح رہے کہ کھیلو انڈیا پروگرام وزارت امور نوجوانان و کھیل کی جانب سے نچلی سطح پر کھیلوں کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے متعارف کرایا گیا تھا۔ اس تصور کی بنیاد 2016 17 میں رکھی گئی جبکہ جنوری 2018 میں پہلے کھیلو انڈیا اسکول گیمز کے ساتھ اس کا باضابطہ آغاز ہوا۔ اپنے آغاز کے بعد سے یہ پروگرام ایک واحد ایونٹ سے بڑھ کر ایک بڑی قومی تحریک کی شکل اختیار کر چکا ہے اور کھیلوں کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کا سبب بنا ہے۔

## ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے قبل یو اے ای کی نئی کٹ کی رونمائی: دبئی میں پُروقار تقریب



دبئی، یکم فروری (یو این آئی) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے اپنی تیاریوں کو حتمی شکل دیتے ہوئے متحدہ عرب امارات کی قومی کرکٹ ٹیم نے اپنی نئی اور دیدہ زیب پلیئنگ کٹ متعارف کرا دی ہے۔ جرسی کی رونمائی کے لیے دبئی میں ایک شاندار تقریب منعقد کی گئی، جو ٹیم کی چنئی روانگی سے محض ایک روز قبل سجائی گئی۔ نئی جرسی کے ڈیزائن میں یو اے ای کی ثقافت اور جدید کرکٹ کے تقاضوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ تقریب میں کرکٹ بورڈ کے حکام اور ٹیم کے آفیشل پارٹنرز نے بھرپور شرکت کی۔ کٹ کی رونمائی کے اگلے ہی روز ٹیم چنئی روانہ ہو رہی ہے۔ اسپانسرز کی موجودگی نے ٹیم کے حوصلے بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ٹیم کے ترجمان کے مطابق، یہ نئی کٹ نہ صرف کھلاڑیوں کے لیے آرام دہ ہے بلکہ یہ عالمی سطح پر یو اے ای کی ابھرتی ہوئی کرکٹ کی علامت بھی بنے گی۔

## کرشنا جے شنکر مینن کا دھماکہ: اپنا ہی انڈور شاٹ پٹ نیشنل ریکارڈ توڑ دیا



البوکرکی، امریکہ، یکم فروری (یو این آئی) ہندوستان کی ابھرتی ہوئی اسٹار ایتھلیٹ کرشنا جے شنکر مینن نے نیو میکسیکو ٹیم اوپن 2026 میں خواتین کے انڈور شاٹ پٹ مقابلے میں ایک بار پھر تاریخ رقم کر دی۔ کرشنا نے اپنی ہی سابقہ بہترین کارکردگی کو بہتر بناتے ہوئے نیا قومی ریکارڈ قائم کیا اور خطاب اپنے نام کر لیا۔ سابق ہندوستانی باسکٹ بال کھلاڑیوں پرسنا اور جے شنکر مینن کی صاحبزادی، 23 سالہ کرشنا نے 16.63 میٹر کی شاندار تھرو پھینک کر طلائی تمغہ جیتا۔ نیا ریکارڈ 16.63 میٹر بنایا ہے۔ سابقہ ریکارڈ 16.03 میٹر تھا (جو انہوں نے گزشتہ سال اسی مقام پر بنایا تھا)۔ ہنا رچرڈسن (15.94 میٹر) دوسرے اور الیشا لین (14.52 میٹر) تیسرے نمبر پر رہیں۔ کرشنا نے ایونٹ کا آغاز 14.45 میٹر کی عام تھرو سے کیا، لیکن اپنی دوسری ہی کوشش میں 16.63 میٹر کا فاصلہ طے کر کے سب کو حیران کر دیا۔ اگرچہ ان کی تیسری اور آخری تھرو فاؤل قرار پائیں، لیکن ان کی دوسری تھرو ہی جیت اور نئے ریکارڈ کے لیے کافی ثابت ہوئی۔

## نوجوانوں کی بہترین کارکردگی ورلڈ کپ کے لیے مثبت اشارے / سوریہ کمار

تھروواننت پورم، یکم فروری (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم نے آئی سی سی مینز ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ سے قبل نیوزی لینڈ کو پانچ میچوں کی سیریز میں 1-4 سے دھول چٹا کر اپنی تیاریوں کا لوہا منوا لیا ہے۔ سیریز میں عبرتناک شکست کے بعد کیوی ٹیم کے پاس ہندوستانی بالادستی کا کوئی جواب نہ تھا، جبکہ میزبان ٹیم اب بھرپور فارم اور بلند حوصلوں کے ساتھ میگا ایونٹ میں قدم رکھے گی۔ پہلی بار کسی آئی سی سی ایونٹ میں ہندوستان کی قیادت کرنے والے سوریہ کمار یادو نے سیریز کے بہترین کھلاڑی (پلئیر آف دی سیریز) کا اعزاز حاصل کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا "بطور کپتان رنز بنانا ہمیشہ خوش آئند ہوتا



ہے کیونکہ آپ اپنی کارکردگی سے ٹیم کے لیے مثال قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس فتح سے بہت خوش ہیں، لیکن ہمارا فلسفہ یہ ہے کہ جیت کے باوجود ہم اپنی غلطیوں سے سیکھیں اور اگلے چیلنج کے لیے مزید بہتری لائیں۔ اس سیریز کی سب سے بڑی خاصیت ہندوستان کا ٹاپ آرڈر رہا، جہاں ایشان کشن اور ابھشیک شرما نے حریف بولرز کے چھکے چھڑا دیے۔ ایشان کشن نے محض 43 گیندوں پر 103 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیل کر سب کو حیران کر دیا۔ سوریہ کمار نے ایشان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہم چاہتے تھے وہ اپنی فطری جارحیت کو برقرار رکھیں، ان کی اس بیٹنگ نے مڈل آرڈر کا کام آسان کر دیا ہے۔ ہندوستان اور سری لنکا کی مشترکہ میزبانی میں ہونے والا ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ 7 فروری سے شروع ہو رہا ہے۔ ہندوستانی کپتان کے مطابق یہ پانچ میچز ورلڈ کپ کی مہم شروع کرنے سے قبل بہترین ریہرسل ثابت ہوئے ہیں۔

## ویسٹ انڈیز نے جنوبی افریقہ کو شکست دے کر لاج رکھ لی

جوہانسبرگ، یکم فروری (یو این آئی) ویسٹ انڈیز نے جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے اور آخری ٹی ٹونٹی میچ میں 7 رنز سے سنسنی خیز فتح حاصل کر کے سیریز میں اپنی ساکھ بچالی۔ آسمانی بجلی اور بارش کے باعث بار بار متاثر ہونے والے اس میچ میں ویسٹ انڈین اسپنر گڈاکیش موتی کی تباہ کن بولنگ اور بیٹرز کی جارحانہ بیٹنگ نے اہم کردار ادا کیا۔ جوہانسبرگ میں آسمانی بجلی چمکنے کے باعث میچ دو بار تعطل کا شکار ہوا، جس کے بعد اسے 10 اوورز فی اننگز تک محدود کر دیا گیا۔ ویسٹ انڈیز نے مقررہ اوورز میں 3 وکٹوں پر 114 رنز بنائے۔ تاہم، ڈی ایل ایس (DLS) میتھڈ کے تحت جنوبی افریقہ کو 10 اوورز میں 125 رنز کا ہدف دیا گیا۔ اوپنر جانسن چارلس کے صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد شائی ہوپ اور شمرون ہٹمائر نے جنوبی افریقی بولرز پر دھاوا بول دیا۔ شائی ہوپ نے 25 گیندوں پر 48 رنز کی برق رفتار اننگز کھیلی۔ شمرون ہٹمائر نے 22 گیندوں پر 48 رنز بنا کر ناقابلِ شکست رہے۔ دونوں بلے بازوں نے کیشو مہاراج اور لنگی اینگیڈی کے خلاف چھکوں کی برسات کر دی، جس کی بدولت ویسٹ انڈیز ایک مشکل ہدف دینے میں کامیاب



رہا۔ ہدف کے تعاقب میں کوئنٹن ڈی کوک نے جارحانہ آغاز کیا اور جیسن ہولڈر کے پہلے ہی اوور میں 19 رنز بٹور لیے۔ لیکن اس موقع پر اسپنر گڈاکیش موتی نے میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ موتی نے ڈی کوک، ریان ریکلٹن اور ڈیوالڈ بریوس جیسے خطرناک کھلاڑیوں کو آؤٹ کر کے پروٹیز کی بیٹنگ لائن کی کمر توڑ دی۔ میچ کے آخری لمحات میں جیسن سمتھ نے 10 گیندوں پر 26 رنز بنا کر امیدیں جگا دیں، لیکن شمر جوزف نے ایک بہترین یارکر پر انہیں بولڈ کر دیا۔

## رنجی ٹرافی: دیودت پڈیکل کا طوفان، کرناٹک نے پنجاب کو 5 وکٹوں سے دھول چٹا دی

موہالی، یکم فروری (یو این آئی) رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ بی کے ایک اہم میچ میں کرناٹک نے کپتان دیودت پڈیکل کی جارحانہ اور ناقابلِ شکست سنچری کی بدولت پنجاب کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر شاندار کامیابی حاصل کر لی۔ پڈیکل کی برق رفتار اننگز نے پنجاب کے بولرز کو بے بس کر دیا۔ پنجاب نے کھیل کے آخری روز اپنی دوسری اننگز 119 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ سے آگے بڑھائی۔ اودے سہارن نے عمدہ بیٹنگ کی لیکن وہ بدقسمتی سے اپنی سنچری مکمل نہ کر سکے اور 93 رنز پر شیکھر شیٹی کا شکار ہو گئے۔ انمول پریت سنگھ (44) کے علاوہ کوئی بھی بیٹر آئرش بولنگ کا جم کر مقابلہ نہ کر سکا اور پوری ٹیم 256



رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ پرسدھ کرشنا اور شریس ایئر نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 3، 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جیت کے لیے مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں کرناٹک کے بلے بازوں نے ٹی ٹوئنٹی کے انداز میں بیٹنگ کی۔ کپتان پڈیکل نے محض 85 گیندوں پر 120 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی، جس میں 6 چوکے اور 5 بلند و بالا چھکے شامل تھے۔ تجربہ کار مینک اگروال نے 36 گیندوں پر 53 رنز کی جارحانہ نصف سنچری بنا کر جیت کی بنیاد رکھی۔ گوپال نے 22 گیندوں پر 33 رنز بنا کر ٹیم کو فتح کی دہلیز تک پہنچایا۔ کرناٹک نے صرف 27.5 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کر لیا۔

## میلان میں احتجاج: سرمائی اولمپکس میں امریکی ادارے 'آئی سی ای' کی شمولیت پر عوامی غم و غصہ

میلان، یکم فروری (یو این آئی) اٹلی کے شہر میلان میں سیکڑوں افراد نے سڑکوں پر نکل کر میلان-کورتینا 2026 سرمائی اولمپکس کے دوران امریکی ادارے 'آئی سی ای' کی تعیناتی کے خلاف بھرپور احتجاج کیا۔ مظاہرین نے اس اقدام کو "رینگتا ہوا فاشزم" قرار دیتے ہوئے شدید نعرے بازی کی۔ یہ احتجاج 'پیاز ا 25 اپریل' میں منعقد ہوا، جو اٹلی کی نازی فاشزم سے آزادی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ مظاہرین کا غصہ اس خبر پر تھا کہ امریکی وفد کی سیکیورٹی کے لیے آئی سی ای کے ایجنٹ تعینات کیے جائیں گے۔ اگرچہ حکام کا کہنا ہے کہ یہ ایجنٹ صرف 'کنٹرول روم' تک محدود رہیں گے اور سڑکوں پر نہیں آئیں گے، لیکن مظاہرین اسے قبول کرنے کو تیار نہیں۔ بینرز پر نعرے لکھے تھے "منی سوٹا سے پوری دنیا تک، ہم انسانی حقوق کے لیے




لڑنے والوں کے ساتھ ہیں"، "کبھی نہیں کا مطلب کسی کے لیے بھی کبھی نہیں"، اور ایک دلچسپ نعرہ "آئس (ICE) صرف مشروب میں اچھی لگتی ہے۔" اس تعیناتی کی خبر نے اٹلی کے سیاسی حلقوں میں بھی ہلچل مچا دی ہے۔ میلان کے میئر جیوسیپے سالا نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ان ایجنٹوں کا میلان میں کوئی خیر مقدم نہیں کیا جائے گا۔ وزیرِ داخلہ میٹیو پیانٹیڈوسی کو اس معاملے پر پارلیمنٹ میں طلب کر لیا گیا ہے تاکہ وہ اس تعیناتی کی وضاحت پیش کریں۔ آئی سی ای امریکہ کا وہ ادارہ ہے جو امیگریشن اور سرحدی سیکیورٹی کا ذمہ دار ہے، تاہم حالیہ برسوں میں امریکہ کے اندر مظاہرین کے خلاف اس کے سخت رویے اور انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کی وجہ سے اسے عالمی سطح پر تنقید کا سامنا ہے۔

## ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ نہیں تو بھی مسئلہ نہیں، بنگلہ دیش نے اپنی ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی کپ کا اعلان کر دیا

نئی دہلی، یکم فروری (یو این آئی) آئی سی سی کی جانب سے مردوں کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں بنگلہ دیش کی جگہ اسکاٹ لینڈ کو شامل کیے جانے کے فیصلے کے بعد بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے فوری رد عمل دیتے ہوئے ایک نئی ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ اوڈومو بنگلہ دیش ٹی ٹوئنٹی کپ 2026 کے انعقاد کا اعلان کر دیا ہے۔ اوڈومو جس کے معنی بنگلہ زبان میں ناقابل شکست کے ہیں یہ ٹورنامنٹ 5 فروری سے 9 فروری تک کھیلا جائے گا اور اس میں تین ٹیمیں دھومکیتو الیون دربار الیون اور درونتو الیون حصہ لیں گی۔ اس ٹورنامنٹ کا مقصد عالمی ایونٹ کے دوران ملک کے نمایاں وائٹ بال کھلاڑیوں کو ایک پلیٹ فارم پر لانا ہے۔ بنگلہ دیش کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان لٹن کمار داس دھومکیتو الیون کی قیادت کریں گے جبکہ نجم الحسن شانتو کو دربار الیون کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ درونتو الیون کی کمان اکبر علی کے سپرد کی گئی ہے۔ یہ ٹورنامنٹ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے اس فیصلے کے بعد سامنے آیا ہے جس کے



تحت ٹیم نے بھارت میں ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اطلاعات کے مطابق اس فیصلے سے لٹن داس سمیت کئی کھلاڑی خوش نہیں تھے اور بالآخر اسکاٹ لینڈ کو بنگلہ دیش کی جگہ ٹورنامنٹ میں شامل کر لیا گیا۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے واضح کیا ہے کہ اوڈومو بنگلہ دیش ٹی ٹوئنٹی کپ محض علامتی متبادل نہیں ہوگا بلکہ ایک مکمل مسابقتی ٹورنامنٹ ہوگا۔ بورڈ کے مطابق اس ایونٹ میں مجموعی انعامی رقم اور کھلاڑیوں کی فیس کی مالیت 2 اعشاریہ 5 کروڑ ٹکہ رکھی گئی ہے۔ کرک بز کے حوالے سے ایک بی سی بی عہدیدار نے بتایا کہ کھلاڑیوں کو میچ فیس کے ساتھ دیگر سہولیات بھی دی جائیں گی اور خاطر خواہ انعامی رقم کا اعلان کیا جائے گا تاکہ مقابلے کا معیار بلند رہے۔ بی سی بی کے باضابطہ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس دلچسپ مقابلے میں تین ٹیمیں شامل ہوں گی اور انعامی رقم اور فیس کی مجموعی مالیت 2 اعشاریہ 5 کروڑ ٹکہ ہوگی۔

## دیویکا سہاگ نے تھائی لینڈ ماسٹرز جیت کر تاریخ رقم کر دی

بنکاک، یکم فروری (یو این آئی) ہندوستان کی 20 سالہ بیڈمنٹن سنسنی دیویکا سہاگ نے دنیا کو اپنی صلاحیتوں کا معترف کر لیا۔ تھائی لینڈ ماسٹرز 2026 کے فائنل میں ملائیشیا کی معروف کھلاڑی گوہ جن وئی کو شکست دے کر انہوں نے اپنا پہلا بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور سپر 300 خطاب اپنے نام کر لیا ہے۔ دیویکا کا اس ٹورنامنٹ میں سفر کسی خواب سے کم نہ تھا۔ پورے ٹورنامنٹ کے دوران انہوں نے ایک بھی گیم نہیں ہارا۔ ان کی اس یادگار مہم کا سب سے بڑا لمحہ کوارٹر فائنل میں آیا جہاں انہوں نے ٹاپ سیڈ کھلاڑی سپانیڈا کاتھونگ کو ہرا کر سب کو ورطہِ حیرت میں ڈال دیا۔ فائنل میں دیویکا کا مقابلہ یوتھ اولمپک گولڈ میڈلسٹ اور دو بار کی جونیئر ورلڈ چیمپئن گوہ جن وئی سے تھا۔ پہلے گیم میں دیویکا نے حریف کھلاڑی



کو سنبھلنے کا موقع نہ دیا اور 8-21 سے شاندار کامیابی حاصل کی۔ دوسرے گیم میں جب دیویکا 3-6 سے برتری حاصل کر چکی تھیں، گوہ انجری کے باعث میچ سے دستبردار ہو گئیں، یوں دیویکا نے ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس فتح کے ساتھ ہی دیویکا سہاگ نے ایک ایسا سنگِ میل عبور کیا ہے جو ان سے قبل صرف دو ہندوستانی خواتین نے حاصل کیا تھا۔

## چیلسی کی ویسٹ ہیم کے خلاف شاندار واپسی، میچ بدترین جھگڑے کی نذر

چیلسی اور ویسٹ ہیم کے درمیان پریمیئر لیگ کا مقابلہ اس سیزن کی سب سے ہنگامہ خیز راتوں میں سے ایک ثابت ہوا جہاں سنسنی خیز واپسی کے ساتھ ایسے مناظر بھی دیکھنے کو ملے جو مکمل طور پر قابو سے باہر ہو گئے۔ ہفتے کے روز اسٹیمفورڈ برج میں کھیلا گیا یہ میچ صرف 3-2 کے اسکور تک محدود نہ رہا بلکہ اسٹاپیج ٹائم میں ہونے والے بدصورت جھگڑے نے چیلسی کی شاندار فتح کو پس منظر میں دھکیل دیا۔ میچ کے بیشتر حصے میں ویسٹ ہیم کی گرفت مضبوط دکھائی دے رہی تھی۔ مہمان ٹیم نے پہلے ہاف کے وسط میں دو گول کی برتری حاصل کر لی تھی اور چیلسی کی دفاعی لائن دباؤ میں نظر آ رہی تھی۔ جیرڈ بوون کی غلط کراس کسی طرح گول کیپر رابرٹ سانچیز کو چکمہ دے کر جال میں جا پہنچی جبکہ اس کے بعد کریسینسیو سمرول نے دوسرا گول کر کے ہوم شائقین کو بے چین کر دیا۔ تاہم وقفے کے بعد چیلسی نے آہستہ مگر مسلسل انداز میں واپسی کا آغاز کیا۔ ویسٹ ہیم دفاعی حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے پیچھے ہٹنے لگا جس سے دباؤ بڑھتا چلا گیا۔ لیام ڈیلاپ کے



ہیڈر نے چیلسی کو پہلا گول دلایا پھر مارک کوکوریا نے برابر کرنے والا گول کیا اور میچ کے آخری لمحات میں اینزو فرنانڈیز نے فیصلہ کن گول داغ کر ایک ناقابل یقین واپسی مکمل کر دی۔ لیکن ڈرامہ یہاں ختم نہیں ہوا۔ اضافی وقت کے بالکل آخر میں کھلاڑیوں کے جذبات قابو سے باہر ہو گئے۔ سائیڈ لائن کے قریب ایک معمولی ٹکراؤ اس وقت سنگین صورت اختیار کر گیا جب اداما ٹراؤرے نے کوکوریا کو زمین پر گرا دیا۔ جواؤ پیڈرو نے رد عمل دیا اور چند ہی لمحوں میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑی موقع پر جمع ہو گئے۔

## ممبئی اوپن ٹینس: 16 سالہ مایا راجیشورن کو مین ڈرا کے لیے 'وائلڈ کارڈ' مل گیا



ممبئی، یکم فروری (یو این آئی) ٹینس کی دنیا میں تہلکہ مچانے والی 16 سالہ سنسنی خیز کھلاڑی مایا راجیشورن ریوتی ایک بار پھر ایل اینڈ ٹی ممبئی اوپن ڈبلیو ٹی اے 125 کے سیریز کے مین ڈرا میں جلوہ گر ہوں گی۔ مایا کو اس اہم ٹورنامنٹ کے لیے وائلڈ کارڈ انٹری دی گئی ہے، جو 2 سے 8 فروری 2026 تک مہاراشٹر ا اسٹیٹ لان ٹینس ایسوسی ایشن کے گراؤنڈز پر منعقد ہوگا۔ مایا راجیشورن نے گزشتہ سیزن میں کوالیفائر سے سفر شروع کر کے سیمی فائنل تک رسائی حاصل کر کے سب کو حیران کر دیا تھا۔ اس سفر کے دوران انہوں نے کئی سینئر اور اعلیٰ رینکنگ کی حامل بین الاقوامی کھلاڑیوں کو شکست دی۔ انہیں سیمی فائنل میں خطاب جیتنے والی جل ٹیچ مین کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ اس سال مایا کا چیلنج پہلے ہی راؤنڈ سے سخت ہوگا، جہاں ان کا مقابلہ تھائی لینڈ کی پانچویں سیڈ لانلانا تارارودی سے ہوگا۔ مایا کا ارادہ گزشتہ سال کی کامیابی کو دہرانے اور ہوم گراؤنڈ پر بہترین کھیل پیش کرنے کا ہے۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔ 190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR,
Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781